مطبوعات

اسلام زندہ باد مرتبۂ عبدالمجید صاحب قرشی - سیرت کمیٹی پٹی (ضلع لاہور) قیمت عہ فی جلد -

کتاب دو بابوں پر منقسم ہے - پہلے باب میں کچھ غیر معمولی آدمیوں کے مشرف بہ اسلام ہونے کی حکایتیں درج ہیں - یہ حکایتیں کچھ ایسے انداز میں بیان کی گئی ہیں کہ انہوں نے کرشموں اور معجزوں کی صورت اختیار کر لی ہے - اور دراصل مرتب کا مقصد بھی یہی دکھلانا ہے کہ اسلام دنیا میں کن کن عجیب و غریب طریقوں سے پھیلتا ہے - مثلاً ایک بنیے کا بیٹا اسلیے مسلمان ہوا کہ کلمے کا روپیہ ایک روپیہ چھ آنے میں فروخت ہو گیا - ایک انگریز جرنلسٹ ہندوستانی مسلمانوں کا پلاؤ کھاتے ہی اسلام پر فریفتہ ہو گیا - اور ایک ہندو عورت اس وجہ سے صداقت اسلام کی قائل ہو گئی کہ اسکی ناک میں ہندو عورتوں کے جسم سے بو آتی تھی اور مسلمان عورتوں کے جسم سے نہ آتی تھی - ممکن ہے کہ یہ قصے صحیح ہوں - ان سے زیادہ عجیب قصوں کے بھی صحیح ہونے کا امکان ہے - مگر یہ سمجھنے سے ہم قاصر ہیں کہ ان مختصر افسانوں کی تبلیغی قدر و قیمت آخر کیا ہے - نہ انہیں پڑھ کر کوئی غیر مسلم اسلام کی حقانیت پر ایمان لاسکتا ہے، اور نہ ان کے مطالعہ سے کوئی مسلمان اپنے دین کی تبلیغ کے لیے تیار ہو سکتا ہے - البتہ جاہل مسلمان عوام انہیں پڑھ پڑھ کر جھوم ضرور سکتے ہیں -

اس باب کا عنوان ہے "اسلام کی شان"۔ ناظرین کی توجہ مبذول کرنے کے لیے پہلی چار حکایتیں ڈاکٹر اقبال مرحوم سے روایت کی گئی ہیں؟ اس سے ذرا ہٹ کر خالد لطیف گابا کا نام آتا ہے -

دوسرے باب کا عنوان ہے "مسلمان کی شان"۔ اس میں تاریخ اسلام اور تاریخ مسلمین